روزنامہ

FR-10

1913ء سے جاری شدہ

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

سوموار 30 مارچ 2015ء 9 جمادی الثانی 1436 ہجری 30 امان 1394 ھش جلد 65-100 نمبر 72

سفر کے لئے نصیحت

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا اور عرض کیا۔

اے اللہ کے رسول! میں سفر پر جانا چاہتا ہوں۔ آپ مجھے کوئی نصیحت کیجئے۔

آپؐ نے فرمایا: اللہ کا تقویٰ اختیار کرو۔ جب بھی بلندی پر چڑھو تکبیر کہو۔ جب وہ آدمی روانہ ہوا تو آپؐ نے دعا کی۔

اے اللہ! اس کی دوری کو لپیٹ دے (یعنی اس کا سفر جلد طے ہو) اور اس کا سفر آسان کردے۔

(ترمذی کتاب الدعوات مایقول اذا ودع انساناً۔ حدیث نمبر:3367)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

’’خدا کے مامور جو آسمان سے آتے ہیں۔ وہ اپنی جماعت کے ساتھ خرید اور فروخت کا سا معاملہ رکھتے ہیں۔ لوگوں سے ان کے چندروزہ مال لیتے ہیں اور جاودانی مال کا ان کو وارث بناتے ہیں۔‘‘

(مکتوبات احمد جلد دوم، ص345)

’’......بغیر استخارہ کے کوئی سفر جائز نہیں۔ ہمارا اس میں طریقہ یہ ہے کہ اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نماز کے لئے کھڑے ہو جائیں۔ پہلی رکعت میں سورۃ قل یا ایھا الکافرون پڑھیں یعنی الحمد تمام پڑھنے کے بعد ملا لیں جیسا کہ سوۃ فاتحہ کے بعد دوسری سورۃ ملایا کرتے ہیں اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ پڑھ کر سورۃ اخلاص یعنی قل ھو اللہ احد ملا لیں اور پھر التحیات میں آخر میں اپنے سفر کے لئے دعا کریں کہ یاالٰہی! میں تجھ سے کہ تو صاحب فضل اور خیر اور قدرت ہے۔ اس سفر کے لئے سوال کرتا ہوں کیونکہ تو عواقب الامور کو جانتا ہے۔ اور میں نہیں جانتا اور تو ہر ایک امر پر قادر ہے اور میں قادر نہیں۔ سو یاالٰہی! اگر تیرے علم میں یہ بات ہے کہ یہ سفر سراسر میرے لئے مبارک ہے۔ میری دنیا کے لئے میرے دین کے لئے اور میرے انجام امر کے لئے اور اس میں کوئی شر نہیں تو یہ سفر میرے لئے میسر کردے اور پھر اس میں برکت ڈال دے اور ہر ایک شر سے بچا۔ اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ سفر میرا میری دنیا یا میرے دین کے لئے مضر ہے اور اس میں کوئی مکروہ امر ہے تو اس سے میرے دل کو پھیر دے۔ اور اس سے مجھ کو پھیر دے۔ آمین

یہ دعا ہے جو کی جاتی ہے۔ تین دن کرنے میں حکمت یہ ہے کہ تا بار بار کرنے سے اخلاص میسر آوے۔ آج کل اکثر لوگ استخارہ سے لاپرواہ ہیں۔ حالانکہ وہ ایسا ہی سکھایا گیا ہے جیسا کہ نماز سکھائی گئی ہے۔ سو یہ اس عاجز کا طریق ہے کہ اگرچہ دس کوس کا سفر ہو تب بھی استخارہ کیا جاوے۔ سفروں میں ہزاروں بلاؤں کا احتمال ہوتا ہے اور خدا تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ استخارہ کے بعد متولی اور متکفل ہو جاتا ہے۔ اور اس کے فرشتے اس کے نگہبان رہتے ہیں جب تک اپنی منزل تک نہ پہنچے۔‘‘

(مکتوبات احمد جلد دوم، ص349)

یتیم کی کفالت ایک اہم فرض

حضرت مسیح موعود کی بعثت کے وقت سے خدمت خلق کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا تھا۔ حضرت میر محمد اسحٰق صاحب یتامیٰ کی پرورش اور خبرگیری کیلئے اس قدر اہتمام فرماتے تھے کہ ایک مرتبہ یتامیٰ کے کھانے کیلئے ہوسٹل میں آٹا ختم ہو گیا۔ حضرت میر محمد اسحٰق صاحب نے تو فوری طور پر باوجود شدید علالت کے تانگہ منگوایا اور مخیّر دوستوں کو تحریک کر کے آٹا کا بندوبست کیا۔

اس کے بعد خلفاء احمدیت کی ہدایات اور راہنمائی میں یہ نظام چلتا رہا حتیٰ کہ مارچ 1989ء میں صدسالہ جوبلی کے مبارک موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے باقاعدہ طور پر کفالت یکصد یتامیٰ کے نام سے اس تحریک کا اجراء فرمایا اور فرمایا کہ اس مبارک اور تاریخی موقع پر شکرانہ کے طور پر جماعت احمدیہ ایک سو یتامیٰ کی کفالت کا ذمہ اٹھانے کا عہد کرتی ہے۔ چنانچہ یتامیٰ کی خدمات کے سائے بڑھتے بڑھتے آج قریباً پانچصد فیملیز کے 2 ہزار 7 صد یتامیٰ زیر کفالت ہیں۔

یتامیٰ کی کفالت اور پرورش میں 1۔ خورونوش 2۔ تعلیمی اخراجات 3۔ بچیوں کی شادی کے اخراجات 4۔ علاج معالجہ اور مکان کی تعمیر و مرمت اور کرایہ کے اخراجات شامل ہیں۔ جس پر کل 25 لاکھ روپے ماہوار اخراجات ہو رہے ہیں اور آمد انتہائی کم ہے۔ اس کے باعث دفتر ہذا کو مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ ایک یتیم کی کفالت پر ایک ہزار تا تین ہزار روپے ماہوار اخراجات ہوتے ہیں۔

تمام احباب جماعت سے عموماً اور مخیّر حضرات مخلصین سے خصوصاً التماس ہے کہ اس مبارک تحریک میں بڑھ چڑھ کر شرکت فرما کر ممنون فرمائیں اور ہمارے پیارے آقاؐ کی اس پیاری حدیث کا مصداق بنیں۔ جس میں آپؐ فرماتے ہیں۔ میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح اکٹھے ہوں گے جس طرح دو انگلیاں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس اہم فریضہ کی ادائیگی کی بہترین توفیق دے۔ آمین

(سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

رپورٹ: مکرم سعید الحسن صاحب مشنری انچارج دی گیمبیا

گیمبیا میں انٹرنیشنل ٹریڈ فیئر پر جماعت احمدیہ کی طرف سے نمائش قرآن کریم

گیمبیا میں ہر سال وزارت صنعت وتجارت کی طرف سے انٹرنیشنل ٹریڈ فیئر کا اہتمام ہوتا ہے۔اس میں افریقہ اور ایشیا کے مختلف ممالک سے تاجر آ کر دستکاری، دیسی دوائیاں اور ٹیکنالوجی وغیرہ کے سٹالز لگاتے ہیں۔ افریقن ممالک میں سے لیبیا، مالی، نائیجر، غانا وغیرہ سرفہرست ہیں۔ایشیا سے پاکستان اور ہندوستان بھی شامل ہوتے ہیں۔اس موقع پر اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہر سال جماعت احمدیہ گیمبیا کو قرآن کریم کی نمائش لگانے کی توفیق ملتی ہے۔ جماعتی کتب بھی اس نمائش کی زینت ہوتی ہیں۔

امسال اس ٹریڈ فیئر کا انعقاد دو مرتبہ ہوا۔ پہلی مرتبہ یکم تا 16 مارچ 2014ء بمقام انڈیپنڈنٹ سٹیڈیم بکاؤ اور دوسری مرتبہ 29 نومبر تا 20 دسمبر 2014ء کو بمقام بانجل۔

نمائش کا افتتاح وزیر صنعت وتجارت کی طرف سے ہوتا ہے۔ بعد ازاں تین وزراء و دیگر منتظمین سٹالز کا دورہ کرتے ہیں۔

جماعت احمدیہ کی طرف سے قرآن کریم کی نمائش کا بھی دورہ کیا۔قرآن کریم کا مقامی زبانوں میں ترجمہ خاص دلچسپی کا باعث تھا۔ اس موقع پر تینوں وزراء کو قرآن کریم، اسلامی اصول کی فلاسفی اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی کتاب World Crisis and the Pathway to Peace تحفۃً دی گئی جو انہوں نے بشکریہ قبول کی۔ Visitor Book میں معزز مہمانوں نے اپنے نیک تاثرات کا اظہار بھی کیا۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت کی نمائش ٹریڈ فیئر کی ایک مرکزی جگہ پر واقع تھی جہاں سے جماعت کا سائن بورڈ تین طرف سے نظر آ رہا تھا۔ نمائش کے اندرونی حصہ میں خلفائے احمدیت کی تصاویر کے علاوہ دنیا بھر میں مختلف بیوت کی تصاویر لگائی گئیں۔ گیمبیا میں احمدیت کا نفوذ نیز خلفاء کرام کے بابرکت دورہ جات کی تصاویر لگائی گئیں۔ اسی طرح حضرت مسیح موعود کی تحریرات پر مشتمل بینرز آویزاں کئے گئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تصویر دیکھ کر متعدد افراد نے اس بات کا اظہار کیا کہ انہوں نے اس نورانی چہرہ کو کئی دفعہ ٹی وی پر دیکھا ہے۔ یاد رہے کہ ایم ٹی اے اور ہمسایہ ملک سینیگال کے چینل ایک ہی سیٹلائٹ پر آتے ہیں اس لئے ایم ٹی اے بھی ان ملکوں میں دیکھا جاتا ہے۔ نمائش کے دوران بھی MTA دکھایا گیا۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے نمائش کے سٹال پر 70 سے زائد زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم رکھے گئے تھے نیز جماعتی کتب بھی نمائش کی زینت رہیں۔ لوگوں نے گیمبیا کی مقامی زبانوں مینڈینکا، فُلا اور وولف میں قرآن کریم کا ترجمہ بڑے شوق سے دیکھا اور خریدا۔ اسی طرح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی کتاب World Crisis and the Pathway to Peace بھی بہت پسند کی گئی۔ انگریزی اور فرنچ زبانوں میں کتب نیز Salat - اور قاعدہ یسرنا القرآن کثیر تعداد میں فروخت ہوا۔

نمائش کے ساتھ ساتھ فلائرز کی تقسیم کا سلسلہ بھی جاری رہا۔

نمائش کے دوران انٹرنیٹ پر لائیو stream کے ذریعہ سٹال کو براہ راست دکھایا۔ جس پر مغربی یورپ کی سب سے بڑی بیت الفتوح اور دنیا بھر میں مختلف بیوت الذکر کا تعارف کروایا گیا۔

زائرین میں دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شامل تھے۔ Love for All Hatred for None کے سلوگن کو بہت سراہا گیا۔ وزیٹر بک میں بعض لوگوں نے لکھا کہ جماعت احمدیہ کا سٹال ٹریڈ فیئر کا خوبصورت ترین سٹال ہے جو محبت کی تعلیم دے رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے تقریباً پانچ ہزار افراد نے نمائش دیکھی۔

(الفضل انٹرنیشنل 27 فروری 2015ء)

عرفان حسین

ترجمہ: مکرم شریف احمد بانی صاحب

Words as weapons

الفاظ بطور مہلک ہتھیار

الفاظ بھی بندوق کی گولی کی طرح قتل کر سکتے ہیں۔ ذرا لقمان احمد شہزاد کے گھر والوں سے پوچھیں۔ایک احمدی نوجوان جسے چند روز پہلے مار ڈالا گیا۔

لقمان شہزاد جیو ٹی وی کے ایک مذہبی پروگرام کے پانچ دن بعد قتل کر دیا گیا۔ جس میں...... نے یہ فتویٰ دیا کہ احمدی پاکستان اور ...... کے لئے خطرہ ہیں۔......

زہریلی تقاریر اور بیانات کے ذریعہ اقلیتوں کو بدنام کرنے بعض دفعہ بلکہ اکثر اوقات مار دینے کا سلسلہ صدیوں سے چل رہا ہے۔ایسی تقریروں کے ذریعہ کمزور اور قابل رحم گروہوں کی طرف عوام کے غیض وغضب کا رخ موڑ دیا جاتا ہے۔تا کہ حکام اس طرح اپنی ناکامیوں اور جرائم پر پردہ ڈال سکیں۔

1870ء میں فرانس اور جرمنی کی جنگ میں جب فرانس کو شکست ہوئی تو حکومت نے اس شکست کے لئے یہودیوں کو قربانی کا بکرا بنایا۔ستم ظریفی دیکھیں کہ جب اتحادیوں کے ہاتھوں دوسری جنگ عظیم میں جرمنوں کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔تو ہٹلر نے انہی یہودیوں کو ظلم کا نشانہ بنایا۔ انہیں جنگی قیدی کیمپوں میں رکھا اور ہولوکاسٹ کا واقعہ ہوا۔

ہمارے لیڈر اکثر ''آئیڈیالوجی آف پاکستان'' کا حوالہ دیتے ہیں۔مگر کبھی صاف صاف نہیں بتاتے کہ آخر یہ آئیڈیالوجی ہے کیا۔اسی بناء پر بنگالیوں اور بلوچوں کو باغی قرار دیا گیا اور سادہ اکثریت نے بڑی آسانی سے اسے تسلیم بھی کرلیا۔

دنیا کے اکثر معاشروں میں فتنہ اور فساد پر اکسانا ایک سنگین جرم سمجھا جاتا ہے اور اگر کوئی TV کا مہمان کسی اقلیتی گروہ کے قتل کا فتویٰ دے۔تو یہ ایک سنگین جرم ہے اور ایسے شخص کے خلاف تادیبی کارروائی ہونی چاہئے۔ لیکن جب 2008ء کے ایک مذہبی پروگرام میں ایک مہمان نے ایسے اشتعال انگیز الفاظ استعمال کئے جس کے نتیجہ میں دو احمدی قتل کر دیئے گئے۔ پھر بھی اس شخص کو آزاد چھوڑ دیا گیا اور کوئی کارروائی نہیں کی گئی......۔

آج کل پاکستان میں سب سے خطرناک ہتھیار کسی پر بھی الزام لگا دینا ہے اور اگر وہ غیر مسلم ہو تو اور بھی آسان ہے کہ اس پر توہین رسالت کا الزام لگا دیا جائے۔ ایسی صورت میں کسی عدالت میں الزام کی سچائی ثابت کرنے کی بھی ضرورت نہیں رہتی۔ کیونکہ عدالت میں الزام دہرانے سے ایک اور مقدمہ درج ہونے کا اندیشہ ہے۔ اس طرح دفاع بھی ممکن نہیں ہوتا اور اگر پھر بھی جج ایسے شخص کو بیگناہ قرار دے کر چھوڑ دے۔تو پھر بھی وہ بچ نہیں سکتا۔ یا تو وہ جیل میں ہی مار دیا جاتا ہے اور اگر رہا ہو جائے۔تو باہر قتل کر دیا جاتا ہے۔

آج کل پاکستان میں رہنے والے احمدی، ہندو، سکھ اور عیسائی سخت خوف و ہراس کی زندگی گزار رہے ہیں۔حتیٰ کہ شیعہ بھی محفوظ نہیں ہیں اور یہ سب اشتعال انگیز الفاظ کا شاخسانہ ہے۔

(اخبار ڈان 3 جنوری 2015)

رپورٹ: مکرم محمد عارف گل صاحب مربی سلسلہ

ٹوگو کے ریجنل زون نوچے میں جلسہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ٹوگو کے ریجن نوچے کو اپنا ریجنل جلسہ مورخہ 17 اور 18 جنوری 2015ء کو منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ امسال اس جلسے کا عنوان ''جہاد بالقلم'' رکھا گیا تھا۔ جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے کیا گیا پہلے حصے کی صدارت مکرم عرفان احمد ظفر صاحب مشنری انچارج نے کی۔اس کے بعد لوکل مشنری عبدو یعقوبو صاحب نے ''عالمی بحران اور امن کا راستہ'' کے موضوع پر تقریر کی۔اس کے بعد دوسری تقریر مکرم ظفر اللہ صاحب کی ''سفیر امن عالم'' یعنی حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے تعارف کے موضوع پر تھی۔

دوسرے سیشن کی صدارت مکرم بولاتیتو اردیس امام بیت الذکر نوچے نے کی۔ تلاوت وقصیدہ کے بعد مکرم صالح میکائیل صاحب لوکل مشنری نے ''جہاد بالقلم'' کے موضوع پر تقریر کی۔ دوسری تقریر مکرم بولاتیتو وحید صاحب نے ''رفقاء حضرت مسیح موعود'' کے موضوع پر کی۔

نماز مغرب وعشاء کی ادائیگی کے بعد مجلس سوال و جواب کا پروگرام ہوا جس میں مختلف موضوعات پر لوگوں نے سوالات کئے جن کے تسلی بخش جواب دئے گئے۔ دوسرے دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا نماز فجر کے بعد نماز کی اہمیت پر درس دیا گیا۔ جلسہ کے آج کے پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت و نظم سے ہوا، جس کے بعد پہلی تقریر مکرم کریم اکریم صاحب نے ''مالی قربانی'' کے موضوع پر کی۔ اس کے بعد ریجن کارا کے نمائندے مکرم عبدالرحمٰن صاحب نے بھی احباب جماعت کو اُن کی ذمہ داریوں کے طرف توجہ دلائی۔ بعد ازاں ریجن کارا کے دوسرے نمائندے مکرم وسیم احمد ظفر صاحب مربی سلسلہ نے تقریر کی۔اس کے بعد مکرم عرفان احمد ظفر صاحب صدر و مشنری انچارج ٹوگو نے اختتامی تقریر کی۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے اس جلسہ میں 30 جماعتوں کے کل 475 افراد شامل ہوئے، جن میں 150 نومبائعین تھے۔ اللہ تعالیٰ اس جلسہ کو ہر پہلو سے باعث خیر وبرکت بنائے اور اس کے دُوررس اثرات مرتب ہوں۔آمین

(الفضل انٹرنیشنل 27 فروری 2015ء)

سیرت حضرت مسیح موعود۔ احباب سے محبت

پُر درد دعائیں۔ جذبہٴ ایثار۔ مہمان نوازی۔ دلداری بے لوث خدمت

مکرم محمود احمد انیس صاحب

اپنی پیاری جماعت کیلئے دعائیں

نبی کا وجود اپنے متبعین کے لئے مجسم رحمت ہوتا ہے۔ اس کی دعائیں، حُسن واحسان، للّٰہی محبت، اخلاص وایثار، ہمدردی اور خیرخواہی ، بے پناہ شفقتیں، ان گنت عنایات اور لامتناہی سلسلہٴ انعامات واکرام مریدوں کو اپنا گرویدہ بنالیتے ہیں۔ اس زمانہ میں اپنے آقا کی اتباع میں رحمتوں اور شفقتوں سے معمور وجود سیدنا حضرت مسیح موعود ہیں۔ مذاہب عالم کی تاریخ آپ کی آمد کے ساتھ بھی دہرائی گئی۔ کچھ لوگوں نے بڑے اخلاص اور وفا کے ساتھ آگے بڑھ کر آپ کی بیعت کرلی لیکن بہت سوں نے مخالفت کا طوفان برپا کردیا۔ خود بھی نہ مانا اور اس کے برعکس ماننے والوں پر ان کی زندگی تنگ کرنے کی کوشش کی۔

ایسے حالات میں سب سے بڑھ کر دعائیں ہی سہارا بنتی ہیں جو مومنین خود بھی اپنے لئے کرتے ہیں لیکن سب سے بڑھ کر وہ دعائیں ہیں جو امام اپنے متبعین کے لئے کرتا ہے۔ یہ وہ فیضان ہے جس سے مومنین کے ایمانوں کو تقویت ملتی ہے اور انہیں مشکلات اور پریشانیوں کے گرداب سے نجات عطا ہوتی ہے۔ بڑے ہی خوش نصیب ہیں وہ لوگ جنہیں امام الزمان حضرت مسیح موعود کو ماننے اور آپ کی دعاؤں کا مورد بننے کی توفیق ملی۔ حضرت اقدس فرماتے ہیں:۔

''جو لوگ اس سلسلہ میں داخل ہوتے ہیں ان کو سب سے بڑا فائدہ تو یہ ہوتا ہے کہ میں ان کے لئے دعا کرتا ہوں'' (ملفوظات جلد سوم صفحہ 100)

ایک اور موقعہ پر آپ فرماتے ہیں:۔

''جو خط آتا ہے میں اسے پڑھ کر اس وقت تک ہاتھ سے نہیں دیتا جب تک دعا نہ کرلوں۔ کہ شاید موقع نہ ملے یا یاد نہ رہے۔''

(سیرت حضرت مسیح موعود، صفحہ 417۔ از حضرت یعقوب علی صاحب عرفانی)

اسی طرح ایک اور موقعہ پر آپ فرماتے ہیں:۔

''میں التزاماً چند دعائیں ہر روز مانگا کرتا ہوں:

اوّل۔ اپنے نفس کے لئے دعا مانگتا ہوں کہ خداوند کریم مجھ سے وہ کام لے جس سے اُس کی عزت وجلال ظاہر ہو اور اپنی رضا کی پوری توفیق عطا کرے۔

دوم۔ پھر اپنے گھر کے لوگوں کے لئے دعا مانگتا ہوں کہ اُن سے قرہ عین عطا ہو اور اللہ تعالیٰ کی مرضیات کی راہ پر چلیں۔

سوم۔ پھر اپنے بچوں کے لئے دعا مانگتا ہوں کہ یہ سب دین کے خدام بنیں۔

چہارم۔ پھر اپنے مخلص دوستوں کیلئے نام بنام

پنجم۔ اور پھر اُن سب کے لئے جو اس سلسلہ سے وابستہ ہیں۔ خواہ ہم انہیں جانتے ہیں یا نہیں جانتے۔'' (ملفوظات جلد دوم۔ صفحہ 4)

دوستوں سے تعلق اعضاء کی طرح

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

''اصل بات یہ ہے کہ ہمارے دوستوں کا تعلق ہمارے ساتھ اعضاء کی طرح سے ہے اور یہ بات ہمارے روزمرہ کے تجربہ میں آتی ہے کہ ایک چھوٹے سے چھوٹے عضو میں مثلاً انگلی ہی میں درد ہو تو سارا بدن بے چین اور بیقرار ہوجاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ ٹھیک اسی طرح ہر وقت اور ہر آن میں ہمیشہ اسی خیال اور فکر میں رہتا ہوں کہ میرے دوست ہر قسم کے آرام اور آسائش سے رہیں۔ یہ ہمدردی اور یہ غمخواری کسی تکلف اور بناوٹ کی رو سے نہیں بلکہ جس طرح والدہ اپنے بچوں میں سے ہر واحد کے آرام وآسائش کے فکر میں مستغرق رہتی ہے خواہ وہ کتنے ہی کیوں نہ ہوں۔ اسی طرح میں للّٰہی دلسوزی اور غمخواری اپنے دل میں اپنے دوستوں کے لئے پاتا ہوں۔ اور یہ ہمدردی کچھ ایسی اضطراری حالت پر واقع ہوئی ہے کہ جب ہمارے دوستوں میں سے کسی کا خط کسی قسم کی تکلیف یا بیماری کے حالات پر مشتمل پہنچتا ہے تو طبیعت میں ایک بے کلی اور گھبراہٹ پیدا ہوجاتی ہے اور ایک غم شامل حال ہوجاتا ہے اور جوں جوں احباب کی کثرت ہوتی جاتی ہے اسی قدر یہ غم بڑھتا جاتا ہے اور کوئی وقت ایسا خالی نہیں رہتا جبکہ کسی قسم کا فکر اور غم شامل حال نہ ہو کیونکہ اس قدر کثیر التعداد احباب میں سے کوئی نہ کوئی کسی نہ کسی غم اور تکلیف میں مبتلا ہوجاتا ہے اور اس کی اطلاع پر ادھر دل میں قلق اور بے چینی پیدا ہوجاتی ہے۔ میں نہیں بتلاسکتا کہ کس قدر اوقات غموں میں گزرتے ہیں۔ چونکہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی ہستی ایسی نہیں جو ایسے ہموم اور افکار سے نجات دیوے۔ اس لئے میں ہمیشہ دعاؤں میں لگا رہتا ہوں اور سب سے مقدم دعا یہی ہوتی ہے کہ میرے دوستوں کو ہموم اور غموم سے محفوظ رکھے کیونکہ مجھے تو ان کے ہی افکار اور رنج غم میں ڈالتے ہیں۔ اور پھر یہ دعا مجموعی ہیئت سے کی جاتی ہے کہ اگر کسی کو کوئی رنج اور تکلیف پہنچی ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے اس کو نجات دے۔ ساری سرگرمی اور پورا جوش یہی ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کروں۔ دعا کی قبولیت میں بڑی بڑی امیدیں ہیں''۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 66)

پس سب سے بڑا فیض اور احسان تو وہ دعائیں ہیں جو حضرت مسیح موعود نے اپنے احباب کے لئے کیں جن سے ہم بعد کے لوگ بھی مستفیض ہو رہے ہیں۔ اور یہ وہ فیض ہے جس کا دنیا میں کوئی بھی متبادل نہیں ہے۔

محبت کے مختلف انداز

آپ اخلاق حسنہ کے بھی نہایت اعلیٰ مقام پر فائز تھے۔ آپ اپنے مریدین، محبین اور مہمانوں کی خاطر وتواضع میں خود تکلیف برداشت فرماتے اور انہیں آرام پہنچایا کرتے تھے۔ کبھی انہیں اپنی چارپائی پیش فرمارہے ہیں۔ اور پاس بیٹھے ان کا پہرہ دے رہے ہیں تاکہ لڑکوں کے شور سے ان کی نیند میں خلل نہ آئے۔ کبھی ان کے لئے گھر سے کھانے اور مشروبات اٹھائے ہوئے تشریف لا رہے ہیں اور ان کی مہمان نوازی کررہے ہیں۔ کبھی کسی غریب کی دلداری کی خاطر ایک ہی برتن میں اس کے ساتھ کھانا کھارہے ہیں۔ جو آپ سے ملنے قادیان آتے تھے وہ بھی آپ کے لئے حد سے بڑھی ہوئی محبت ہی کے جوش میں آتے لیکن ان آنے والے عشاق کے ساتھ بارہا ایسا ہوا کہ محبت کے اسلوب سکھانے والا یہ مبارک وجود انہیں واپسی کی رخصت ہی نہیں دیتا تاکہ وہ آپ کے پاس اور آپ کی آنکھوں کے سامنے رہیں۔

سفر میں خدام پر شفقت

حضرت اقدس مسیح موعود سفروں میں بھی اپنے ساتھیوں کے آرام کا خاص خیال رکھتے تھے۔ چنانچہ حضرت مرزا محمد اسماعیل بیگ صاحب جنہیں بچپن سے آپ کا خادم ہونے کا اعزاز حاصل ہے، ان کی ایک روایت ہے کہ

جب حضرت مسیح موعود بڑے مرزا صاحب قبلہ کے ارشاد کی تعمیل میں بعثت سے پہلے مقدمات کی پیروی کے لئے جایا کرتے تھے۔ تو سواری کے لئے گھوڑا بھی ساتھ ہوتا تھا۔ اور میں بھی عموماً ہمرکاب ہوتا تھا۔ لیکن جب آپ چلنے لگتے تو آپ پیدل ہی چلتے مجھے گھوڑے پر سوار کرادیتے۔ میں بار بار انکار کرتا اور عرض کرتا۔ کہ حضور مجھے شرم آتی ہے۔ آپ فرماتے کہ کیوں؟

تمہیں گھوڑے پر سوار ہونے سے شرم آتی ہے
ہم کو پیدل چلنے میں شرم نہیں آتی!!

مرزا اسماعیل بیگ کہتے ہیں۔ کہ جب قادیان سے چلتے تو ہمیشہ پہلے مجھے گھوڑے پر سوار کرتے۔ جب نصف سے کم یا زیادہ راستہ طے ہوجاتا تو میں اتر پڑتا اور آپ سوار ہوجاتے۔ اور اسی طرح جب عدالت سے واپس ہونے لگتے۔ تو پہلے مجھے سوار کراتے۔ اور بعد میں آپ سوار ہوتے۔

(سیرت حضرت مسیح موعود صفحہ 361 از حضرت یعقوب علی صاحب عرفانی)

سفر کے ہی ایک اور مصاحب مکرم مرزا دین محمد صاحب کا بیان ہے کہ

میں اولاً حضرت مسیح موعود سے واقف نہ تھا یعنی ان کی خدمت میں مجھے جانے کی عادت نہ تھی۔ خود حضرت صاحب گوشہ نشینی اور گمنامی کی زندگی بسر کرتے تھے۔ لیکن چونکہ وہ صوم وصلوۃ کے پابند اور شریعت کے دلدادہ تھے۔ یہی شوق مجھے بھی ان کی طرف لے گیا اور میں ان کی خدمت میں رہنے لگا۔ جب مقدمات کی پیروی کے لئے جاتے تو مجھے گھوڑے پر اپنے پیچھے سوار کرلیتے تھے اور بٹالہ جاکر اپنی حویلی میں باندھ دیتے۔ اس حویلی میں ایک بالا خانہ تھا۔ آپ اس میں قیام فرماتے۔ اس مکان کی دیکھ بھال کا کام ایک جولاہے کے سپرد تھا جو ایک غریب آدمی تھا۔ آپ وہاں پہنچ کر دو پیسے کی روٹی منگواتے۔ یہ اپنے لئے ہوتی تھی اور اس میں سے ایک روٹی کی چوتھائی کے ریزے پانی کے ساتھ کھالیتے۔ باقی روٹی اور دال وغیرہ جو ساتھ ہوتی وہ اُس جولاہے کو دے دیتے۔ اور مجھے کھانا کھانے کیلئے چار آنہ دیتے تھے۔ آپ بہت ہی کم کھایا کرتے تھے اور کسی قسم کے چسکے کی عادت نہ تھی۔

(حیاتِ طیبہ صفحہ 16)

جذبہٴ ایثار کی ایک مثال

حضرت منشی ظفر احمد صاحب کی روایت ہے کہ ایک دفعہ جلسہ سالانہ پر بہت سے آدمی آئے تھے جن کے پاس کوئی پارچہ سرمائی نہ تھا۔ ایک شخص نبی بخش نمبردار ساکن بٹالہ نے اندر سے لحاف بچھونے منگوانے شروع کئے اور مہمانوں کو دیتا رہا۔ میں عشاء کے بعد حضرت صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ بغلوں میں ہاتھ دیئے بیٹھے تھے۔ اور ایک صاحبزادہ جو غالباً حضرت خلیفۃ المسیح الثانی تھے پاس لیٹے تھے۔ اور ایک شتری چوغہ انہیں اوڑھا رکھا تھا۔ معلوم ہوا کہ آپ نے بھی اپنا لحاف بچھونا طلب کرنے پر مہمانوں کے لئے بھیج دیا۔ میں نے عرض کی کہ حضور کے پاس کوئی پارچہ نہیں رہا۔ اور سردی بہت ہے۔ فرمانے لگے کہ مہمانوں کو تکلیف نہیں ہونی چاہئے۔ اور ہمارا کیا ہے رات گزر جائے گی۔ نیچے آکر میں نے نبی بخش نمبردار کو بہت برا بھلا کہا کہ تم حضرت صاحب کا لحاف بچھونا بھی لے آئے۔ وہ شرمندہ ہوا۔ اور کہنے لگا کہ جس کو دے چکا ہوں اس سے کس طرح واپس لوں۔ پھر میں مفتی فضل الرحمان صاحب یا کسی اور سے ٹھیک یاد نہیں رہا۔ لحاف بچھونا مانگ کر اوپر لے گیا۔ آپ نے فرمایا کسی اور کو دے دو۔ مجھے تو اکثر نیند بھی نہیں آیا کرتی۔ اور میرے اصرار پر بھی آپ نے نہ لیا۔ اور فرمایا کسی مہمان کو دے دو۔ پھر میں لے آیا۔

(رفقاء احمد جلد چہارم۔ صفحہ 113)

میرا وعدہ پورا ہوگیا

حضرت حکیم مولانا نورالدین صاحب کی اہلیہ محترمہ اپنی مرض الموت میں حضرت اقدس مسیح موعود سے ہمیشہ یہی عرض کرتی تھیں کہ آپ دعا کریں کہ مجھے جمعہ کے روز موت آوے اور آپ خود میرا جنازہ

پڑھائیں۔ چنانچہ جمعہ کو ہی ان کی وفات ہوئی۔ حضور نے ان کا جنازہ پڑھایا اور فرمایا میں نے عہد کیا ہوا تھا کہ خواہ میں کیسا ہی بیمار ہوں ان کا جنازہ ضرور خود پڑھاؤں گا۔ سو الحمدللہ کہ میرا وعدہ پورا ہو گیا۔

(سیرت حضرت مسیح موعود صفحہ 202 حضرت یعقوب علی صاحب عرفانی)

میں بھی تمہارا باپ ہوں

مرحومہ (جن کے جنازہ کا اوپر ذکر ہوا ہے) حضرت مفتی محمد صادق صاحب کی خوشدامن تھیں۔ حضرت اقدس مسیح موعود نماز جنازہ سے دوسرے روز مفتی صاحب کے گھر اکیلے تشریف لائے۔ حفصہ (مفتی صاحب کی اہلیہ) کو فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو جنت میں جگہ دے دی ہے تم فکر اور غم نہ کرو۔ میں بھی تمہارا باپ ہوں جس چیز کی ضرورت ہوا کرے مجھ سے کہا کرو۔ اس نے رو کر عرض کیا کہ میں کمزور انسان ہوں۔ میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں یہ اکثر بیمار رہتے ہیں وہ ان کے لئے اکثر دعائیں کیا کرتی تھیں۔ آپ کو توجہ دلاتی تھیں۔ اب میں کس سے کہوں گی۔ فرمایا مجھ سے کہا کرو۔ سر سے پگڑی اتار کر دے دی اور فرمایا کہ اس کا ایک ایک کرتہ بنا کر سب بچوں کو پہنا دو۔ اور خود اس رومی ٹوپی کو سر پر رکھ کر تشریف لے گئے جو پگڑی کے اندر آپ رکھا کرتے تھے۔

حضرت اقدس اس کے چند روز بعد بھی تشریف لائے۔ اور اس کے بعد وفات تک اپنے اس عہد پر قائم رہے جو آپ نے حفصہ سے کیا تھا کہ مجھ سے کہا کرو۔

(سیرت حضرت مسیح موعود صفحہ 202)

دونوں حاضر ہیں

حضرت مفتی محمد صادق صاحب بیان فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میں لاہور سے حضور کی ملاقات کے لئے آیا۔ اور وہ سردیوں کے دن تھے۔ اور میرے پاس اوڑھنے کے لئے رضائی وغیرہ نہیں تھی۔ میں نے حضرت کی خدمت میں کہلا بھیجا کہ حضور رات کو سردی لگنے کا اندیشہ ہے۔ حضور مہربانی کر کے کوئی کپڑا عنایت فرمائیں۔ حضرت صاحب نے ایک ہلکی رضائی اور ایک دُھسا ارسال فرمائے۔ اور ساتھ ہی پیغام بھیجا کہ رضائی محمود کی ہے اور دُھسا میرا۔ آپ ان میں سے جو پسند کریں رکھ لیں۔ اور چاہیں تو دونو رکھ لیں۔

(ذکرِ حبیب، صفحہ 320 حضرت مفتی محمد صادق)

پگڑی کا ٹکڑا عطا فرمایا

حضرت مفتی محمد صادق صاحب بیان فرماتے ہیں کہ جب میں قادیان سے واپس لاہور جایا کرتا تھا تو حضور اندر سے میرے لئے ساتھ لے جانے کے واسطے کھانا بھجوایا کرتے تھے۔ چنانچہ ایک دفعہ جب میں شام کے قریب قادیان سے آنے لگا۔ تو حضرت صاحب نے اندر سے میرے واسطے کھانا منگوایا۔ جو خادم کھانا لایا، وہ یونہی کھلا کھانا لے آیا۔ حضرت صاحب نے فرمایا کہ مفتی صاحب یہ کھانا کس طرح ساتھ لے جائیں گے۔ کوئی رومال بھی تو ساتھ لانا تھا جس میں کھانا باندھ دیا جاتا۔ اچھا میں کچھ انتظام کرتا ہوں۔ اور پھر اپنے سر کی پگڑی کا ایک کنارہ کاٹ کر اس میں وہ کھانا باندھ دیا۔

(ذکرِ حبیب، صفحہ 321۔ از حضرت مفتی محمد صادق)

دکھ بانٹنے کا ایک انداز

محترمہ مائی رکھی سکنے زئی خادمہ کی روایت ہے کہ:

مائی تابی میری خالہ کا ایک بیٹا تھا جو فوت ہو گیا۔ وہ غم سے پاگل ہو گئی اور سارا دن بیٹے کی قبر پر پڑی رہتی تھی۔ لوگوں نے کہا کہ حضرت مسیح موعود کے پاس بھیج دو۔ لوگ اس کو یہاں لے آئے۔ وہ نیچے رہا کرتی تھی۔ نیچے دالان میں گھڑے پڑے رہتے تھے وہ ان میں اپنا کرتہ ڈبو دیتی تھی۔ حضور نے فرمایا کہ "یہ گھڑے اس کے واسطے ہی رہنے دو اور گھر کی ضرورت کے واسطے اور رکھ لو"۔ جب وہ رونا شروع کرتی تو حضور خود اس سے پوچھتے کہ "کیوں روتی ہے؟" وہ کہتی کہ مجھے میرا بیٹا یاد آتا ہے۔ تو حضور فرماتے کہ "میں بھی تیرا بیٹا ہوں" آخر وہ اچھی ہو گئی تو اس نے حضور سے کہا۔ میں اپنی روٹی آپ پکایا کروں گی۔ جو عورتیں روٹی پکاتی ہیں ان کے ہاتھ صاف نہیں ہوتے۔ اس پر حضور نے اس کو آٹے کے پیسے الگ دے دیئے۔ وہ اپنی روٹی خود پکایا کرتی تھی۔"

(سیرت المہدی جلد 5 روایت نمبر 1373)

ایک مخلص مرید کیلئے دعائیں

حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی سے حضرت اقدس مسیح موعود کو خاص محبت تھی۔ آپ بیمار ہوئے تو حضور نے ان کیلئے بہت دعائیں کیں۔ حضرت ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب کی روایت ہے کہ

حضرت اقدس نے حضرت مولوی صاحب کے لئے یہاں تک دعا کی کہ کئی دفعہ انہوں نے فرمایا کہ ہم نے اپنی اولاد کے لئے ایسی دعا کبھی نہیں کی اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ اگر تقدیر مبرم نہ ہوئی تو ٹل جائے گی۔ مجھے حضرت اقدس کی بیعت سے مشرف ہوئے 14-13 برس کا عرصہ ہوا ہے۔ اس اثناء میں مجھے کئی دفعہ بہت عرصہ حضرت اقدس کی خدمت میں رہنے کا موقعہ ملا ہے اور بارہا میں نے حضرت اقدس کے بچوں کو بہت سخت بیماری کی حالت میں دیکھا ہے بلکہ ایک لڑکی جس کا نام امۃ النصیر تھا وہ شیر خواری کی عمر میں بہت سے دن سخت بیمار رہ کر دو تین سال کا عرصہ ہوا ہے کہ فوت ہو گئی تھی۔ اکثر دفعہ ان بچوں کی سخت بیماری میں حضرت اقدس اپنی اس خاص مہربانی سے جو اس عاجز پر ہے خاکسار کو علاج کے لئے لاہور سے بلوا لیا کرتے تھے اور بعض دفعہ میں خود قادیان موجود ہوتا تھا مگر جہاں تک مجھے علم ہے میں یہ بات حلفاً کہہ سکتا ہوں کہ حضرت اقدس کو کبھی بھی اس قدر تڑپ اور اضطراب اور خدا تعالیٰ کی جناب میں تضرع اور ابتہال نہیں ہوا جتنا کہ مولوی صاحب کی علالت پر ہوا۔

(سیرت حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی، ص 18)

دوستوں کو ثواب کے مواقع مہیا فرمانا

حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی بیان فرماتے ہیں:

حضرت مسیح موعود کو انگریزی زبان کے ساتھ کوئی مناسبت اور دلچسپی کبھی نہ تھی۔ اس لئے آپ نے اس زبان کو کبھی سیکھا نہیں۔ اپنے دعویٰ مسیح موعود کے بعد بھی ایک مرتبہ آپ کو سرسری خیال آیا کہ میں انگریزی پڑھ لوں چنانچہ مفتی محمد صادق صاحب نے ایک انگریزی کی کتاب خود ترتیب دی۔ اور کوشش کی کہ حضرت صاحب اس کو پڑھ لیں مگر آپ کو دلچسپی پیدا نہیں ہوئی۔ انہی ایام میں یہ بھی فرمایا کہ

انگریزی چالیس تہجد کی دعاؤں میں آجاتی ہے لیکن آپ فرمایا کرتے کہ اگر اس زبان میں (۔) کہ کا کام بھی آپ کروں تو پھر میرے دوستوں کیلئے کیا رہے اس لئے ثواب کے لئے میں ان کے لئے ہی چھوڑتا ہوں۔

(حیاتِ احمد جلد اول۔ صفحہ 213)

اپنے خدام کی عزت نفس کا خیال

حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب کی روایت ہے کہ والد بزرگوار (حضرت میر ناصر نواب صاحب) نے اپنا ایک بانات کا کوٹ جو مستعمل تھا ہمارے خالہ زاد بھائی سید محمد سعید کو جو ان دنوں قادیان میں تھا کسی خادمہ عورت کے ہاتھ بطور ہدیہ بھیجا۔ محمد سعید نے نہایت حقارت سے وہ کوٹ واپس کر دیا اور کہا کہ میں مستعمل کپڑا نہیں پہنتا۔ جب وہ خادمہ یہ کوٹ واپس لا رہی تھی تو راستہ میں حضرت مسیح موعود نے اس سے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ اس نے جواب دیا کہ میر صاحب نے یہ کوٹ محمد سعید کو بھیجا تھا مگر اُس نے واپس کر دیا ہے کہ میں اترا ہوا کپڑا نہیں پہنتا۔ حضرت صاحب نے فرمایا کہ اس سے میر صاحب کی دلشکنی ہوگی تم یہ کوٹ مجھے دے جاؤ ہم پہنیں گے اور ان سے کہہ دینا کہ میں نے رکھ لیا ہے

(سیرت المہدی جلد اول۔ روایت نمبر 333)

حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی بیان فرماتے ہیں:۔

"حضرت مسیح موعود نے کبھی خدام کو خواہ وہ آپ کے تنخواہ دار ملازم تھے یا آپ کے ساتھ سلسلہ بیعت میں خادم تھے حقیر اور کم پایہ نہیں سمجھا۔ بلکہ انہیں اپنے کنبہ کا ایک فرد اور اپنے اعضاء کا ایک جزو یقین کیا۔ اور اپنے عمل سے ہمیشہ دکھایا۔ کہ کسی معاملہ میں کبھی کسی قسم کی ان کی ہتک ان کو پسند نہیں کی۔ ان کو اپنے دوستوں اور خدام کا اس قدر پاس تھا۔ کہ وہ کسی دوسرے سے بھی ان کی ہتک سننا پسند نہ کرتے تھے...... خدام کے چھوٹے چھوٹے کام کی قدر فرماتے اور ان کی دلجوئی فرماتے۔ ان کی محنت سے زیادہ دیتے۔ جن ایام میں کوئی کتاب یا رسالہ جلدی اور ضروری چھاپنا اور شائع کرنا مقصود ہوتا۔ اور راتوں کو کام ہوا کرتا تھا۔ تو جو لوگ حضور کے ساتھ عملہ پریس یا کاتب کام کرتے تھے ان کے لئے دودھ اور دوسری ضروری چیزیں خاص توجہ سے مہیا فرماتے۔ اور معمولی سے زیادہ اجرتیں دیتے۔ اور با ایں ان کی کارگزاری پر نہ صرف خوشی بلکہ شکریہ کا اظہار فرماتے۔ جن لوگوں نے ان آنکھوں ان ہاتھوں اور اس زبان کو دیکھا ہے اور حضرت کے عطایا کا لطف اٹھایا ہے آج ان کو کوئی بھی خوش نہیں کر سکتا۔ اس زمانہ کے مقابلہ میں آج اجرتیں عام طور پر بھی زیادہ ہیں۔ اور لوگ بہت کچھ کما لیتے ہیں لیکن اگر ان سے پوچھا جائے تو اس عصر سعادت کی یاد کا اشکبار آنکھوں سے جواب دیتے ہیں۔"

(سیرت حضرت مسیح موعود صفحہ 359)

قبول دعوت

حضرت مفتی محمد صادق صاحب کی روایت ہے کہ

لاہور میں ایک احمدی بھائی صوفی احمد دین صاحب ڈوری باف ایک غریب ان پڑھ مخلص احمدی تھے۔ 1897ء میں جبکہ حضرت مسیح موعود چند اور خدام کے ساتھ شہادت کے واسطے ملتان تشریف لے گئے۔ تو راستہ میں لاہور میں ایک دو روز ٹھہرے۔ صوفی احمد دین صاحب نے حضور کی خدمت میں عرض کی، کہ اُن کے گھر میں جا کر کھانا کھائیں۔ اور محبت کے جوش میں جلدی سے یہ بھی کہہ دیا کہ میں بڑے اخلاص اور محبت کے ساتھ دعوت کرتا ہوں۔ اگر حضور مجھے غریب جان کر نا منظور کریں گے، تو مجھے خوف ہے کہ اللہ تعالیٰ ناراض ہوگا۔ حضرت نے تبسم فرمایا۔ اور دعوت قبول کی۔ اور ان کے مکان پر تشریف لے گئے۔ جو ایک بہت غریبانہ تنگ سا مکان تھا۔ اور اُس کی دیواروں پر ہر طرف پاتھیاں تھپی ہوئی تھیں۔

(ذکرِ حبیب، صفحہ 47)

دلداری کا ایک واقعہ

ایک دفعہ حضرت مسیح موعود مغرب کی نماز کے بعد بیت مبارک کی اوپر کی چھت پر چند مہمانوں کے ساتھ کھانا کھانے کے انتظار میں تشریف فرما تھے۔ اس وقت ایک احمدی دوست میاں نظام الدین صاحب ساکن لدھیانہ جو بہت غریب آدمی تھے

اوران کے کپڑے بھی پھٹے پرانے تھے حضور سے چار پانچ آدمیوں کے فاصلہ پر بیٹھے تھے۔اتنے میں چند معزز مہمان آ کر حضور کے قریب بیٹھتے گئے اور ان کی وجہ سے ہر دفعہ میاں نظام الدین صاحب کو پرے ہٹنا پڑا حتیٰ کہ وہ ہٹتے ہٹتے جوتیوں کی جگہ پر پہنچ گئے۔اتنے میں کھانا آیا تو حضور نے جو یہ نظارہ دیکھ رہے تھے ایک سالن کا پیالہ اور کچھ روٹیاں ہاتھ میں اٹھالیں اور میاں نظام الدین صاحب سے مخاطب ہو کر فرمایا:

’’آؤ میاں نظام الدین ہم اور آپ اندر بیٹھ کر کھائیں۔‘‘

